# ین الاقوامی ممالک کے لحاظ سے | فلسطین / غزہ

زیادہ تر پاکستانی فلسطین/غزہ کے حالات سے باخبر رہنے کی اطلاع دیتے ہیں: 54% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ وہ "بہت زیادہ" یا "کسی حد تک" خود کو فلسطین/غزہ میں ہونے والے واقعات سے باخبر رکھتے ہیں؛ خود کو حالات و واقعات سے باخبر رکھنے کے حوالےسے شرح شہری افراد اور 50 سال سے زائد عمر کے افراد میں سب سے زیادہ پائی گئی۔

آپ فلسطین / غزہ میں ہونے والے واقعات سے کتنا باخبر رہتے ہیں؟






Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

بین الاقوامی ممالک کے لحاظ سے

فلسطین / غزہ

بین الاقوامی امور / میڈیا کی توجہ

## زیادہ تر پاکستانی فلسطین/غزہ کے حالات سے باخبر رہنے کی اطلاع دیتے ہیں: 54% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ وہ "بہت زیادہ" یا "کسی حد تک" خود کو فلسطین/غزہ میں ہونے والے واقعات سے باخبر رکھتے ہیں؛ خود کو حالات وواقعات سے باخبر رکھنے کے حوالے سے شرح شہری افراد اور 50 سال سے زائد عمر کے افراد میں سب سے زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 12 فروری 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (54%) باقاعدگی سے فلسطین/غزہ سے متعلق حالات سے خود کو باخبر رکھتی ہے، جو اس معاملے میں عوامی آگاہی کی بلند شرح کو ظاہر کرتا ہے۔ جبکہ 31% افراد نے اس حوالے سے بہت کم یا بالکل بھی دلچسپی نہ رکھنے کی اطلاع دی۔

"**غزہ میں امن کے قیام کے لیے بورڈ کی تشکیل اور فوج کی تعیناتی کا معاملہ**" کے حوالے سے عوامی رائے پر مبنی تفصیلی رپورٹ حاصل کرنے کے لیے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ فلسطین/غزہ میں ہونے والے واقعات سے کتنا باخبر رہتے ہیں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 25% جوابدہندگان کے مطابق وہ فلسطین / غزہ میں ہونے والے واقعات سے "بہت زیادہ" باخبر رہتے ہیں، 29% جوابدہندگان کے مطابق "کسی حد تک"، 15% جوابدہندگان کے مطابق "بہت کم"، جبکہ 16% جوابدہندگان کے مطابق وہ فلسطین / غزہ میں ہونے والے واقعات سے "بالکل بھی باخبر نہیں" رہتے ہیں، مزید 15% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے "معلوم نہیں" ہے۔

**"آپ فلسطین/غزہ میں ہونے والے واقعات سے کتنا باخبر رہتے ہیں؟**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1,567 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 03 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**شہری–دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** شہری علاقوں کے افراد اس حوالے سے نمایاں طور پر زیادہ باخبر ہیں، جہاں 69% افراد کا کہنا ہے کہ وہ فلسطین/غزہ کے حالات سے خود کو باخبر رکھتے ہیں، جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح 46% پائی گئی۔ دونوں علاقوں کی شرح میں 23% پوائنٹس کا فرق ظاہر کرتا ہے کہ شہری آبادی میں بین الاقوامی خبروں میں دلچسپی نمایاں طور پر زیادہ ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** عمر کے لحاظ سے نتائج اس حوالے سے واضح فرق کو ظاہر کرتے ہیں۔ 50 سال یا اس سے زائد عمر کے پاکستانی اس حوالے سے سب سے زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں، جن میں 61% افراد نے خود کو اس حوالے سے باخبر رکھنے کی اطلاع دی۔ اس کے مقابلے میں 30 سے 50 سال کے افراد میں یہ شرح 48% رہی، جو درمیانی عمر کے افراد میں 13 پوائنٹ کم دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے بعد نوجوانوں میں اس حوالے سے دلچسپی دوبارہ بڑھتی نظر آئی، جہاں 30 سال سے کم عمر کے 58% افراد کا کہنا تھا کہ وہ خود کو اس حوالے سے باخبر رکھتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 12th February 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* **Gallup Pakistan** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)